THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Tuesday, July 31, 2012
(84th Session)
Volume VIII No.03
(Nos.)

CONTENTS

Pages

1. Recitation from the Holy Quran …………………… 1
2. Leave of Absence …………………………………..
3. Further Discussion on the Presidential Address….…
4. Motion:
   - Law and Order situation in Balochistan…….
5. Points of Order:
   - Voters' List published by the Election Commission of Pakistan……………………

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad.

Volume VIII No.03 SP.VIII(03)/2012 15

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Tuesday, July 31, 2012

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at fourteen minutes past eleven in the morning with Mr. Chairman (Syed Nayyer Hussain Bokhari) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا
يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٥﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ
شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰي مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ
يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٧﴾

ترجمہ: پوچھو کہ بھلا تمہارے شریکوں میں کون ایسا ہے کہ حق کا رستہ دکھائے۔ کہہ دو کہ اللہ ہی حق کا رستہ دکھاتا ہے۔ بھلا جو حق کا رستہ دکھائے وہ اس قابل ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ کہ جب تک کوئی اسے رستہ نہ بتائے رستہ نہ پائے۔ تو تم کو کیا ہوا ہے کیسا انصاف کرتے ہو؟ اور اُن میں کے اکثر صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں۔ اور کچھ شک نہیں کہ ظن حق کے مقابلے میں کچھ بھی کارآمد نہیں ہو سکتا۔ بے شک اللہ تمہارے (سب) اعمال سے واقف ہے۔ اور یہ قرآن ایسا نہیں کہ اللہ کے سوا کوئی اس کو اپنی طرف سے بنا لائے۔ ہاں (ہاں یہ اللہ کا کلام ہے) جو (کتابیں) اِس سے پہلے (کی) ہیں اُن کی تصدیق کرتا ہے اور انہی کتابوں کی (اِس میں) تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں (کہ) یہ رب العالمین کی طرف سے (نازل ہوا) ہے۔

(سورہ یونس آیات 35تا37)

Mr. Chairman: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ Leave applications.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جناب روزی خان کاکڑ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب باز محمد خان نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: سردار ذوالفقار علی خان کھوسہ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر حالیہ مکمل اجلاس کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب سعید غنی صاحب ذاتی مصروفیات کی بنا پر گزشتہ 83ویں اجلاس کے دوران مورخہ 12 اور 13 جولائی کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے تھے۔ اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: محترمہ نسرین جلیل صاحبہ نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر مورخہ 13 جولائی تا 03 اگست ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا رخصت منظور ہے؟

(رخصت منظور کی گئی)

(Continue .....T/2)

Mr. Chairman: Now we may resume discussion on President's address. I have got the list. زاہد خان صاحب! آپ recall کریں گے کہ کل Leader of the House and Leader of the Opposition سے بھی بات ہوئی تھی کہ آخر میں half an hour Points of Order کے لیے رکھ لیتے ہیں otherwise ہم Order of the Day پر آگے چل نہیں سکتے اور کام نہیں ہو سکتا۔ میری عرض ہے، Presidential address کے بارے میں آپ میری بات سن لیں۔ آپ اس میں بہت سارے issues پر بات کر سکتے ہیں۔ زاہد خان صاحب! اے این پی کی جانب سے اس میں آپ کا نام ہے۔ اگر آپ اس پر بات کرنا چاہتے ہیں تو میں floor آپ کو دے دیتا ہوں۔

سینیٹر محمد زاہد خان: Presidents speech میں اور اس وقت جو scenario چل رہا ہے میرے خیال میں Leader of the House and Leader of the opposition جب آپس میں بات کرتے تو کم ازکم اپوزیشن لیڈر اپنے لوگوں سے اور Leader of the House ہم سے مشورہ کرتے کیونکہ اس وقت جو لوڈ شیڈنگ کی صورت حال چل رہی ہے اس میں، میں صدر صاحب کی تعریف تو نہیں کروں گا۔

جناب چیئرمین: Rules میں بھی تو zero hour کی provision ہے اور rules اسی لیے amend کئے گئے تھے کہ آپ سب اس میں اپنے اپنے points of order لے لیں۔ ابھی ہم business کو لے لیتے ہیں۔ اگر آپ presidential address پر خطاب کرنا چاہتے ہیں تو I give the floor to you.

سینیٹر محمد زاہد خان: میں as protest اس پر بات نہیں کروں گا کیونکہ اس وقت عوام------

Mr. Chairman: Next is Farah Aqil *Sahiba.* She is not here.

سینیٹر حاجی محمد عدیل: جناب چیئرمین! ملک میں بجلی کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ ہم اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔

جناب چیئرمین: حاجی عدیل صاحب! آپ تشریف رکھیں۔ مسز فرح عاقل صاحبہ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ظفر علی شاہ صاحب! آپ presidential address پر بات کرنا چاہتے ہیں؟

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جی بالکل کریں گے، جب آپ حکم کریں گے۔

Mr. Chairman: Floor is with Zafar Ali Shah.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: شکریہ، جناب چیئرمین! صدر پاکستان جناب زرداری صاحب کی 17مارچ 2012 کی تقریر جو constitution کے تابع ہے۔ Constitution پاکستان کے ہر صدر کو جہاں کچھ اور اختیار دیتا ہے، کچھ اختیار لے لیتا ہے، کچھ اختیار پر پابندی ہے اور کچھ اختیار پر discretion ہے وہاں پر یہ بھی ہے کہ صدر پاکستان کسی ایک house کو یا دونوں houses کو جب مرضی اور جہاں مرضی بلالیں جس طرح ابھی انہوں نے 27تاریخ کو اپنے ایک چہیتے کے لیے، صرف اس کے oath کے لیے پاکستان کا اپرہاؤس بلایا بغیر یہ پتا کیے، بغیر یہ سوچے سمجھے، بغیر کسی emergency کے کہ جناب رحمان ملک صاحب اگر دس دن، چاردن یا چھ دن oath نہ لیں تو کیا فرق پڑتا ہے اور اگر immediately ان کو oath دیا جائے تو پھر کیا فرق پڑتا ہے۔

جناب چیئرمین! اس دن بھی ہم نے یہ point out کیا تھا کہ غالباً صدر محترم نے یہ پتا کرنے کی کوشش نہیں کی یا ان کو بتایا نہیں گیا کہ اگلا آنے والا اجلاس جو عید کے بعد آجائے گا اس وقت رحمان ملک صاحب oath لے لیں گے۔ ابھی وہ وزارت داخلہ کے ڈیسک کے سینئر ترین مشیر ہیں لیکن یہ اجلاس immediate بلایا گیا اور پھر اس حلف وفاداری والے دن کو کھینچتے کھینچتے اب ہم آگے جارہے ہیں۔ پتا نہیں عید سے آگے نکل جائیں گے یا پیچھے رہ جائیں گے، یہ مجھے نہیں پتا۔ جناب! جو میں بات کرنا چاہتا ہوں کہ آئین نے جناب صدر کی اس تقریر کو آئین کے تابع کیوں کر دیا گیا ہے کہ ہر پارلیمانی سال کے آغاز میں وہ joint session of the parliament سے خطاب کرتے ہیں۔ وہ حکومتی نمائندہ ہونے کی حیثیت سے تقریر نہیں کرتے، وہ جیالاازم کی فلاسفی یا جیالوں کے صدر ہونے یا ان کی پرانی پارٹی ہونے کے حوالے سے تقریر نہیں کرتے بلکہ آئین کے لحاظ سے وہ وقت کے صدر کے طور پر state کے نمائندہ ہونے کے طور پر impartial صدر کے طور پر کرتے ہیں اور کسی پارٹی کے نمائندہ ہونے کی حیثیت سے نہیں کرتے۔

جناب چیئرمین! صدر محترم کی تقریر اس joint session کی اور اس کے علاوہ ان کی بے شمار تقاریر پارلیمنٹ کے اندر اور باہر بھی ہوتی ہیں۔ ابھی حال ہی میں بارہ گھنٹے پہلے انہوں نے خیرپور میں جلسۂ عام سے تقریر کرتے ہوئے یہ کہا کہ ایک جیالہ بھیج دیا اور

دوسرا جیالا آگیا۔ پاکستان ایک sovereign country ہے، ایک muslim country ہے، ایک nuclear country ہے۔صدر صاحب کے صدر ہونے پر ہم کوئی اعتراض نہیں کر سکتے لیکن اگر وہ تقریر کوئی وزیر اعظم کرے، کوئی وزیر کرے یا کوئی وزیر اعلیٰ کرے تو اس پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہوسکتا لیکن اگر ملک کا صدر جو ہمارے آئین کے لحاظ سے ہماری armed forces کے supreme commander بھی ہیں اور اگر Supreme Commander of the Armed Forces یہ تقریر کریں کہ ملک کے صدارتی محل میں جیالے بھنگڑا ڈالیں گے تو اس طرح ملک نہیں چل سکتا، اس طرح سسٹم نہیں چل سکتا، اس طرح democracy نہیں چل سکتی۔ اگر پاکستان پیپلز پارٹی کا کوئی وزیر اعظم یہ کہے کہ جناب یہاں وزیر اعظم ہاؤس میں روزانہ وزراء اور جیالوں کی meeting ہوا کرے گی تو وہ بھلے ہوتی رہیں ۔ اس پر کسی سیاسی worker یا کسی شہری کو کوئی اعتراض نہیں لیکن جناب چیئرمین! ملک کا صدر ایک symbol ہوتا ہے، ہمیں تکلیف ہوتی ہے اور ہم تو یہ کہتے ہیں کہ بھئی ہمارے بھی صدر بنو لیکن صدر صاحب کہتے ہیں کہ نہیں میں تو پاکستان کے اندر صرف ایک مخصوص گروپ کا صدر ہوں۔ جناب! اس طریقے سے بھی ملک نہیں چل سکتا، نہ پارلیمانی نظام چل سکتا ہے اور یہی وجہ ہے کہ پھر لوگ جو محسوس کرتے ہیں، جو aggrieved ہوتے ہیں اور جو محسوس کر رہے ہیں کہ شاید ملک میں پارلیمانی نظام یا جمہوری نظام متزلزل ہے۔ پھر لوگ کوئی عدالتوں کا رخ کرتے ہیں، کوئی کہاں کا رخ کرتے ہیں اور کوئی کہاں کا کرتے ہیں۔ پھر عدالتوں کو آئین کے تحت وہ mandate دینا پڑتا ہے جس کا ان کو آئین نے اختیار دیا ہے۔

جناب چیئرمین! آپ کے سامنے ہے کہ عدالت کا یہ mandate بھی آیا کہ صدر پاکستان دو عہدے نہیں رکھ سکتے، ایک سیاسی عہدہ پارٹی کا اور ایک constitutional Presidential کا عہدہ لیکن ابھی چوبیس گھنٹے ہوئے ہیں کہ ہندوستان کے صدر صاحب کا انتخاب ہوا ہے۔صدر منتخب پارٹیوں کی support سے ہی ہوتے ہیں لیکن جب وہ صدر بن جاتے ہیں جس طرح آپ جناب کل Leader of the House تھے اور اپنی پارٹی کو defend کرنے کا آپ کا پورا prerogative تھا، جائز ناجائز طریقے سے بھی member of the Parliament کو defend کرنے کا، میں سمجھتا ہوں کہ آپ کا prerogative ہے لیکن جناب! جب آپ Chairman of the Senate ہیں تو پھر آپ میرے چیئرمین بھی ہیں۔

جاری-----------------۲

سینیٹر سید ظفر علی شاہ جاری ہے----- لیکن جناب چیئرمین! جب آپ چیئرمین آف دی سینیٹ ہیں تو پھر میرے چیئرمین بھی ہیں۔ پھر آپ rules اور آئین کے تحت ڈنڈی نہیں مار سکتے نہ سپیکر آف دی اسمبلی اور نہ چیئرمین سینیٹ۔ اسی طرح جناب چیئرمین! صدر پاکستان ہیں۔ آج ساڑھے چار سال، پانچ سال گزر گئے ہیں اور صدر پاکستان کا جو غصہ ہے دوسری جماعتوں پر حالانکہ انہیں دوسری جماعتوں پر بھی پیار آنا چاہیے۔ اگر PPP کا وزیر اعظم یہ کہتا ہے کہ اگلی دفعہ ہم sweep کریں پورے ملک میں۔ بھلے کرتے رہیں، لوگ ان کے ساتھ ہوئے تو ضرور کریں لیکن صدر پاکستان کے منہ سے یہ بات نہیں جچتی کہ جناب فلاں صوبے کا اگر میں نہ چاہتا تو کوئی حکومت نہیں بنا سکتا تھا۔ آئندہ صوبوں میں حکومتیں میری مرضی سے بنیں گی اور تمام صوبوں میں وزیر اعلیٰ ہمارے ہوں گے۔ جناب چیئرمین! چاہیے تو یہ تھا کہ وہ 17 مارچ کی تقریر میں اپنی حکومت کی خوبیوں کی بھی ضرور تعریف کرتے۔ ہمیں اس پر کوئی شکایت نہیں تھی لیکن کم از کم ان باتوں کو بھی point out کرتے جو پچھلے چار سال سے حکومت وقت پاکستان کے ساتھ کر رہی ہے اور وہ کیا ہیں؟ جناب چیئرمین! میں چھوٹی باتوں کی طرف نہیں جاتا، میں صرف national issues کی بات کرتا ہوں۔ کیا انہوں نے ہمیں یہ بتایا ہے کہ پاکستان کی حکومت وقت کی خارجہ پالیسی کیا ہے اور اس کے پچھلے چار سال کے کارنامے کیا ہیں اور اس کے ہمیں فوائد کیا ملے ہیں۔ ایک لفظ تک اس بارے میں نہیں کہا گیا ہے۔ کیا انہوں نے معاشی پالیسی کے بارے میں کوئی بات کہی۔ کیا انہوں نے قوم کو یہ بتایا اور کیا حکومت سے پوچھا کہ تمہارے پاس کوئی اتنا اہل آدمی نہیں ہے جو economics کو جانتا ہو، جو خارجہ امور کو جانتا ہو اور تمام مالیاتی امور انہیں لوگوں کے حوالے کر دیے گئے ہیں جو جنرل مشرف صاحب کی وزارت خزانہ چلاتے تھے۔ جناب چیئرمین صاحب! بڑے افسوس سے یہ کہا جاتا ہے اور جب democratic system کو نقصان پہنچتا ہے تو جناب چیئرمین! سب سے پہلے اس سسٹم کو نقصان پہنچانے کی باتیں دیدہ دانستہ یا غیر دیدہ دانستہ انہی کیمپوں سے ہوتی ہیں۔ پچھلے تین سال سے دو constitutional pillars کے درمیان جو محاذ آرائی ہو رہی ہے۔ جس میں خوش قسمتی سے یا بد قسمتی سے جناب صدر کا نام لیا جاتا ہے۔ ہم نہیں لیتے ہیں۔ ہم نے کبھی نہیں کہا کہ 248 کی کسی کو exemption ہے یا نہیں ہے۔ یہ بھی اسی کیمپ سے بات آتی ہے۔ حکمران طبقے کی طرف سے یہ بات آتی ہے کہ 248 میں ان کو exemption ہے۔ بھائی ہو گی ان کو یہ سوال کہاں اٹھا ہے؟ سوال تو یہ ہے جناب چیئرمین! کہ NRO notorious Ordinance پاکستان کی تاریخ کا، بدنام ترین، گندہ جس سے گھن آتی ہے اس Ordinance سے، اس کی promulgation کے بعد دیگر

کے ساتھ سپریم کورٹ آف پاکستان نے پارلیمنٹ کے پاس وہ قوانین اور وہ Ordinances بھیجے تھے کہ چونکہ Ordinances supremacy of the Parliament ہے اور democracy ہے لہذا یہ ان قوانین کو دیکھ لیں اور یہ قوانین اگر پارلیمنٹ سمجھتی ہے for the larger interest of the country تو ان کو پاس کریں۔ میں سمجھتا ہوں بلکہ سپریم کورٹ آف پاکستان نے وہ time جو کہ constitutionally ان ordinances کا ختم ہو چکا تھا وہ lapse بھی پورا کیا اور انہوں نے بھیجا لیکن جناب چیئرمین! آفرین ہے اور میں مبارکباد دیتا ہوں آج کی اس پارلیمنٹ کو، پارلیمنٹ کی wisdom کو کہ انہوں نے تمام وہ قوانین اور Ordinances جو جنرل مشرف صاحب کے دیے ہوئے تھے، وہ Ordinances جو کہ مفاد عامہ کے خلاف تھے، وہ Ordinances جو مخصوص لوگوں کو فائدہ پہنچانے کے لیے یا مخصوص لوگوں کو نقصان دینے کے لیے بنائے گئے تھے وہ پارلیمنٹ نے touch بھی نہیں کیے اور اٹھا کر باہر پھینک دیے۔ جناب چیئرمین! ان میں سے ایک NRO جس پر مختلف لوگوں نے writs کیں، ان کے rights ہیں لیکن جس پر فیصلہ ہوا پاکستان پیپلز پارٹی کے سابقہ وفاقی وزیر جناب ڈاکٹر مبشر حسن صاحب کی writ پر سپریم کورٹ نے شنوائی کی اور فیصلہ ہوا۔ فیصلہ جناب! کے سامنے ہے کہ struck down ہوا۔ Struck down ہونے کے بعد، ممکن ہے شاید آپ کہتے ہوں کہ میں مخالفت برائے مخالفت کی وجہ سے یا کوئی ملمع سازی کرنے کی وجہ سے کر رہا ہوں۔ خدارا! یہ بات نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: Conclude کریں۔ You have consumed the time.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: جمعے کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: گزارش یہ ہے کہ یہ principally decided تھا کہ every speaker will get 10 minutes and the Parliamentary Leaders would get 15 minutes. When you decide certain things in the Business Advisory Committee we must follow those things. The point is this that you have consumed 10 minutes. This is my request to you that let's follow the decision.

ہم جو decisions لیتے ہیں we should follow all those. چلیے دو منٹ میں ختم کریں۔

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: میں conclude کر رہا ہوں۔ گلی گلی اور محلے محلے یہ بات چل رہی ہے۔ پوری دنیا میں بات چل رہی ہے۔ جناب چیئرمین! میں حلفاً کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ جو فرما رہے ہیں۔ آپ نے اپنا point of view دیا لیکن جب ہم کسی چیز کے بارے میں ایک جگہ بیٹھ کر طے کر لیں۔ پھر اس کو ہمیں adopt بھی کرنا چاہیے اور اس کو follow بھی کرنا چاہیے۔ اگر Business Advisory Committee میں یہ طے ہو جاتا ہے کہ آدھا گھنٹہ دے دو تو

I don't have any objection to it but this is decision taken between the Parliamentary Leaders, you know.

سینیٹر سید ظفر علی شاہ: باوجود ان ساری باتوں کے چیئرمین صاحب کے پاس اتنا prerogative تو ہوتا ہے کہ وہ کسی کو آدھا گھنٹہ دے دیں۔ میں conclude کر رہا ہوں اور میں جو بات کرنا چاہتا ہوں کیونکہ پوری دنیا میں اب یہ debate ہو رہی ہے کہ پاکستان ایک ایسا ملک ہے کہ جہاں پر پارلیمانی نظام بھی ہے، democratic system بھی ہے اور دو بڑے اداروں کے درمیان اور جس کی تمام تر ذمہ داری میرے نقطہ نگاہ کے مطابق ممکن ہے کہ میں غلط ہوں وہ انتظامیہ پر اور وفاقی حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ اسی ضد کی وجہ سے حکومت لوگوں کے مسائل کی طرف توجہ نہیں دے سکی۔ لوگوں کی بجلیاں نہیں جلا سکی، لوگوں کے چولہے نہیں جلا سکے، لوگوں کو روزگار نہیں دے سکے، لوگوں کو آٹا اور چینی نہیں دے سکے، صرف یہی بات چلتی رہی کہ ہمارا وزیراعظم نہیں جائے گا۔ اچھا جی نہ جائے لیکن اگر Constitution میں بھیجنا ہو تو Constitution تو اٹھا کر بھیج دیتا ہے۔ وہ تو گھر چھوڑ آتا ہے۔ Constitution کے بغیر نہ حکومتیں چلتی ہیں اور نہ عدالتیں چلتی ہیں اور نہ پارلیمنٹ چلتی ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں جناب چیئرمین! ابھی تک وہ بات ختم نہیں ہوئی۔ اس بات کو ختم ہونا چاہیے اور وہ بات صرف جو political desk ہے، جو سیاستدانوں کا ونگ ہے، یہ جو حکومت کرنے کا ونگ ہے، خدارا! اگر آپ نے آج آئین کی دھجیاں اڑانی شروع کیں اور آئین کی خلاف ورزی شروع کی، آئین کو تسلیم نہ کیا، آئین کی interpretation آپ نے اپنے دفتروں میں بیٹھ کر کی تو کل خدا نہ کرے کوئی ایسا طالع آزما آجائے تو جناب چیئرمین! آپ اور میں بطور سیاسی کارکن کس منہ سے اس کو یہ کہیں گے کہ آپ غیر آئینی طور پر آگئے ہیں تو وہ ہمیں کہہ سکتا ہے کہ آپ نے خود کس آئین پر عمل کیا ہے۔ شکریہ۔

(آگے ٹی 04 پر جاری ہے)

Mr. Chairman: Thank you. Now, Haji Ghulam Ali sahib, Saleh Shah sahib.

جہانگیر بدر صاحب! کیا آپ conclude کریں گے۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جی جناب! definitely, میں ہی conclude کروں گا۔

جناب چیئرمین: جی حمزہ صاحب نے درخواست کی تھی تو پھر پہلے ان کو بات کر لینے دیں پھر بعد میں آپ conclude کر لیں بدر صاحب۔ میرے پاس جو list آئی ہے، اس میں حمزہ صاحب کا نام ابھی شامل ہوا ہے۔ مجھے جو list Secretariat نے provide کی ہے اس میں اضافہ ہو سکتا ہے چنانچہ اگر کوئی اور رکن بھی بلوچستان کے مسئلے پر بولنا چاہتے ہیں تو I don't have any objection to it. جی حمزہ صاحب۔

سینیٹر حمزہ: جناب چیئرمین! سید ظفر علی شاہ صاحب جو فرما رہے تھے میں اس کو دہرانا تو نہیں چاہتا لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ جو آج ہم صدر مملکت کے خطاب پر گفتگو کر رہے ہیں، وہ بذات خود اس ملک کے لیے ایک مسئلہ بن گئے ہیں۔ کوئی جمہوری ملک، کوئی آزاد ملک، کوئی باغیرت ملک، وہ ملک جہاں اخلاقی قدریں ہوں، صدر کے خلاف جس قسم کے الزامات لگے ہیں وہ اس بہانے سے یا کسی قانون کا یہ سہارا نہیں لیتے کہ مجھے استثناء حاصل ہے بلکہ ساری قوم، ساری دنیا جانتی ہے کہ وہ اثاثے جن کا ذکر سپریم کورٹ میں آتا رہا ہے وہ وہاں موجود ہیں۔ میں آپ کے ذریعے جناب صدر مملکت کو اور پیپلز پارٹی کو یہ challenge کرتا ہوں کہ وہ باہر جا کر پبلک میں آئیں اور بتائیں کہ صدر مملکت کے وہاں اثاثے نہیں ہیں۔ اگر وہاں اثاثے ہیں اور ایک سپریم کورٹ، جو اس ملک کی سب سے زیادہ قابل احترام عدالت ہے اور جس نے اس پاکستان میں اداروں کی عزت و وقار میں بہت بڑا اضافہ کیا ہے، بہت بڑے کردار کا ثبوت دیا ہے، اگر ان کا کوئی فیصلہ ہو تو صدر مملکت کو اس کو ماننا چاہیے۔ یہ عجیب بات ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلے پر ایک وزیراعظم کو گھر بھیج دیا گیا اور دوسرے وزیراعظم پر بھی یہ پابندی ہے کہ وہ بھی سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق سوئٹزرلینڈ حکومت کو صدر کے اثاثوں کے بارے میں چٹھی لکھے۔ یعنی ہم تو ساری دنیا میں تماشا بن گئے ہیں۔ پاکستان کی اس سے بڑی کیا بدنامی ہو سکتی ہے۔ آج جس اجلاس میں ہم گفتگو کر رہے ہیں، اجلاس بلایا گیا تھا جناب رحمٰن ملک کے حلف اٹھانے کے لیے۔ جیسا کہ پہلے بھی کہا جا چکا ہے، وہ اگر حلف نہ بھی اٹھاتے تو اس کے باوجود وہ صدر مملکت کے مشیر تھے، اگر وزیر نہیں تو مشیر تو تھے نا اور وہ وزیر کے ہی فرائض انجام دے رہے تھے لیکن ان کو قطعاً پرواہ نہیں

کہ پاکستان معاشی طور پر دیوالیہ ہو چکا ہے۔ ہماری معاشی حالت اتنی خراب ہے کہ ہم اپنی آمدنی سے اپنے اخراجات پورے نہیں کرتے بلکہ جب سے یہ حکومت برسر اقتدار آئی ہے، جتنا خسارہ ہوتا ہے، جتنے deficits ہوتے ہیں ان کو نوٹ چھاپ چھاپ کر ہم پورا کرتے ہیں۔ اربوں روپے ہم چھاپتے ہیں، روپے کی قیمت دن بہ دن گر رہی ہے اور اس سے ملک کی معیشت تباہ ہو رہی ہے یا ہم غیر ممالک سے اب قرضہ لیتے ہیں اور آج آپ کو اس بات کا علم ہے کہ قرضہ لینے کی وجہ سے معاشی ہی نہیں بلکہ سیاسی طور پر بھی ہم امریکہ کے غلام ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین! ہماری حالات یہ ہے کہ رحمٰن ملک صاحب تو ہمارے وزیر بن گئے لیکن امن عامہ کی حالت کیا ہے۔ پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی میں target killing کا سلسلہ جاری ہے۔ روزانہ یا جب بھی اخبار اٹھاتے ہیں یا ٹی وی دیکھتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ پانچ، چھ، سات انسان لقمہ اجل ہو چکے ہیں اور آج تک جو سینکڑوں لوگ مرے ہیں یا لقمہ اجل ہوئے ہیں target killing میں، ان میں سے بہت کم لوگوں کو، برائے نام لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہے لیکن ان کو سزا دینے کا کوئی اہتمام نہیں ہے۔

کراچی کی حالت اور بلوچستان کے بارے میں تو امریکی یہ کہتے ہیں کہ بلوچستان میں حکومت نام کی شے کوئی نہیں ہے۔ ہم دنیا میں بدنام ہو رہے ہیں اور حالت یہ ہے کہ کوئٹہ کے لوگوں کو گاڑیوں میں سے اتار اتار کر گولیاں ماری گئیں، کچھ کو اغوا کر لیا گیا، ابھی ایک ڈاکٹر کو مستونگ سے اغوا کیا گیا، آج خبر آئی ہے کہ کافی دنوں کے بعد اب اس کو رہائی ملی ہے۔ خدا معلوم وہ رہائی تاوان ادا کرنے سے ملی ہے یا حکومت کی کوششوں سے ملی ہے۔ یعنی بلوچستان میں کوئی شخص محفوظ نہیں ہے۔ ہمارے ایک معزز رکن یہاں بیٹھے ہوئے ہیں، پچھلے دنوں ان کے دو بھتیجوں کو کوئٹہ شہر میں قتل کر دیا گیا۔ موجودہ حکومت نے بلوچستان کے حالات بہتر بنانے کے لیے باقاعدہ package دیے، ان کو باقاعدہ مرعات دی گئیں اور ان کے مسائل حل کرنے کے لیے کوششیں کی گئیں لیکن جتنی بھی کوششیں کی گئیں تمام اکارت، بے کار گئیں۔ پھر محض یہی نہیں، ہماری حالت یہ ہے کہ ہماری پارلیمنٹ نے متفقہ طور پر قرارداد پاس کی، دفاعی کمیٹی نے بھی قرارداد پاس کی اور فیصلہ کیا اور یہ فیصلہ ساری قوم کا فیصلہ تھا، ساری سیاسی پارٹیوں کا فیصلہ تھا کہ ڈرون حملے بند کیے جائیں لیکن آج ہماری حالت یہ ہے کہ امریکہ ڈرون حملے بند نہیں کرتا، وہ پاکستانیوں کی زندگی کو کوئی اہمت نہیں دیتا، وہ انسانوں کی زندگی کو کوئی اہمیت نہیں دیتا۔ اوباما کی حالت یہ ہے کہ وہاں ایک جنونی نے بارہ افراد کو قتل کیا، 58 کو زخمی کیا تو سارے امریکہ میں سوگ منایا گیا اور اوباما خود اس جگہ گیا اور اس نے وہاں جا کر لوگوں سے تعزیت کی لیکن میں اوباما سے کیا پوچھوں، میں صدر سے پوچھتا ہوں کہ یہ ڈرون حملوں سے جو سینکڑوں لوگ شہید ہوئے ہیں، اس کا ذمہ دار کون ہے۔ پاکستان کی آزادی کہاں ہے۔ ہمارے حقوق کی حفاظت کون کرے گا؟ آپ نے اس پر کیا

action لیا؟ محض یہاں آکر ایک تقریر کر دینا یا بیان دے دینا تو کافی نہیں ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر پاکستان کی بدنامی اور کیا ہو سکتی ہے، پاکستان کی ریاست کا جو وجود ہے، وہ برائے نام ہے اور ہم تمام دنیا میں ذلیل و خوار ہو رہے ہیں۔

آج معیشت کی حالت یہ ہے کہ ایک ڈالر کی قیمت 95, 96 روپے ہے۔ ڈالر کی قیمت دن بہ دن نیچے جا رہی ہے لیکن ہم اپنے اللے تللے کرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ ہم معیشت کو بہتر بنانے کے لیے کوئی اقدامات نہیں کر رہے ہیں اور ساتھ ہی ساتھ حالت یہ ہے کہ ہمارے ساتھ یہ خیبر پختونخوا میں بھی خود کش حملے جاری ہیں۔ ہمارے افغانستان کے ساتھ تعلقات میں کوئی بہتری نہیں آئی۔ افغانستان کی طرف سے بھی پاکستان کی سرزمین پر حملے ہوتے ہیں اور اس میں بھی پاکستان بری طرح ناکام ہوا ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم افغانستان کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھیں لیکن دوستانہ تعلقات ایسے نہیں ہونے چاہییں کہ وہ جب چاہیں ہمارے علاقے پر حملہ کر کے ہمارے لوگوں کو ماریں یا ان کو قتل کریں۔

جناب چیئرمین! حالات یہ ہیں کہ ہمارے جو 24 فوجی ہلاک ہوئے تھے امریکی حملے میں، ہم نے اس کے نتیجے میں نیٹو سپلائی کو بند کیا، احتجاجاً بند کیا لیکن امریکہ کی حالت یہ ہے کہ وہ پاکستانی قوم سے معافی مانگنے کے لیے تیار نہیں تھا اور آج حالات یہ ہیں کہ---

(Followed by T05)

T05-31July2012 Rauf Ed/javaid 11-50/UR10

سینیٹر حمزہ: آج حالت یہ ہے کہ نیٹو کی جو سپلائی ہے اس پر ہم نے پابندی ہٹا دی ہے اور اس کو جاری کر دیا ہے اور اس کے لیے ہم کوئی راستہ اختیار کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! اس سے بڑھ کر پاکستان کی بدنامی کیا ہو سکتی ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ موجودہ حکومت ہر شعبہ زندگی میں، چاہے وہ معیشت ہے، وہ سیاست ہے یا اندرونی معاملات یا بیرونی معاملات ہیں ہر سطح پر بری طرح ناکام ہوئی ہے اور صدر پاکستان نے یہاں جو تقریر کی ہے وہ صرف زبانی گورکھ دھندا تھا۔ اس سے قوم کو کوئی فائدہ نہیں ہوا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ جناب صدر مملکت اور ان کی پارٹی اس قوم کو معاف کرے۔ یقینی طور پر آئندہ جب بھی انتخابات ہوں گے، آپ دیکھیں گے کہ قوم کبھی اس قسم کے لوگوں کو آئندہ ووٹوں سے نہیں نوازیں گے اور وہ برسر اقتدار نہیں آئیں گے لیکن جب تک یہ برسر اقتدار ہیں، میں صدر مملکت سے کہوں گا کہ وہ آئین اور قانون کا احترام کریں۔ اپنے رویے کو درست کریں اور لاہور ہائیکورٹ نے جو فیصلہ کیا ہے کہ جناب صدر مملکت اپنی پارٹی کے عہدیدار نہیں بن سکتے لیکن فیصلے کے باوجود اس کی خلاف ورزی بھی کرتے ہیں اور برملا اس کا اعلان بھی کرتے ہیں۔ اس سے بڑھ کر

قانون شکنی کیا ہو سکتی ہے، صدر مملکت کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ قانون اور آئین کی دھجیاں اڑائیں۔ میں سمجھتا ہوں اس سے بڑھ کر اس ملک کی بد قسمتی کیا ہو سکتی ہے۔

جناب چیئر مین: حمزہ صاحب conclude کر لیں۔شکریہ۔ جناب حاصل خان بزنجو صاحب۔

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: میں نے صدر پاکستان کے خطاب پر نہیں کہا ہے۔ بلوچستان کے بارے میں کہا ہے۔

جناب چیئر مین: شکریہ، سعید غنی صاحب۔

سینیٹر سعید غنی: میں نے ایک وضاحت کرنی تھی۔ظفر علی شاہ صاحب اور حمزہ صاحب نے دو دفعہ کہا ہے کہ لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ ہے کہ صدر صاحب عہدہ چھوڑ دیں۔لاہور ہائیکورٹ کا کوئی ایسا فیصلہ نہیں ہے جس میں کہا گیا ہے کہ صدر صاحب ایک عہدہ چھوڑ دیں۔

جناب چیئر مین: تشریف رکھیں۔
سینیٹر سید ظفر علی شاہ: سعید غنی صاحب کو علم نہیں ہے۔
جناب چیئر مین: چلیں، .Let us not get into that controversy right now جی جہانگیر بدر صاحب۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر (قائد ایوان): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔شکریہ جناب چیئر مین! میں اس معزز ایوان کے تمام ممبران کا، تمام political parties کا، اور خصوصی طور پر اپوزیشن کے سب ممبران کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے جناب صدر کے خطاب پر بحث میں حصہ لیا اور اپنے خیالات پیش کیے۔صدر صاحب کا joint session سے پانچواں خطاب تھا اور اس پر ممبران نے، اس ہاؤس میں، اپنے خیالات پیش کرتے ہوئے ملے جلے الفاظ دونوں جانب سے استعمال کیے، صدر صاحب کے حق میں ان کے اقدامات پر، ان کی ذات کے بارے میں، بہت اچھے الفاظ بھی کہے گئے اور اپوزیشن ممبران کی جانب سے تمام سابقہ آمریتوں کی اکٹھی کی ہوئی تمام برائیاں صدر صاحب کی ذات پر پھینک دی گئیں اور political حملے کرنے کی بجائے زیادہ تر ذاتی حملے کیے گئے۔ ان کی ذات کو زیر بحث لایا گیا اور یہ ان کا حق ہے۔میں ان تمام پارٹیوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ یہاں پر انہوں نے اپنا یہ حق بھی exercise کیا اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے یہاں پر پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر اٹھارھویں، انیسویں، بیسویں ترامیم اور متعدد دوسری جگہ پر consensus بھی کیا۔

جناب چیئرمین! یہاں پر تمام باتوں کا احاطہ کرنا میرے لیے ضروری نہیں ہے اور نہ ہی میں اتنی لمبی باتیں کرنا چاہتا ہوں اور نہ ہی میں جارحانہ انداز میں ایسے حملے کرنا چاہتا ہوں جن کا مقصد یہ ہو کہ اس پارلیمنٹ کو ایک میدان جنگ میں تبدیل کر دیا جائے۔ تاریخ میں تو بہت ساری چیزیں پیش کی جا سکتی ہیں لیکن آج یہاں پر صدر صاحب کے خطاب پر بحث کی جا رہی ہے تو یہ خطاب انہوں نے ایسے وقت میں کیا جب پاکستان میں آئندہ انتخابات کا سال شروع ہو چکا ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی کی اپنی جو hierarchy ہے ان کی اپنی سینیئر قیادت نے جو فیصلہ کیا ہے۔ صدر صاحب نے اپنی تقریر میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے اور صدر صاحب نے اس فیصلے اور عزم کا اس فورم پر اظہار کیا ہے کہ پاکستان میں آئندہ ہونے والے انتخابات صاف اور شفاف ہوں گے اور واضح طور پر پاکستان پیپلز پارٹی کو کہا کہ اس کے نتیجے میں عوام الناس جنہیں پارٹی کے basic documents میں، پارٹی کے founder chairman شہید ذوالفقار علی بھٹو نے طاقت کا سرچشمہ قرار دیا ہے وہ جس پارٹی کو بھی اپنا mandate دیں اور لے کر آئیں تو پاکستان پیپلز پارٹی اس mandate کو دلی طور پر تسلیم کرے گی اور پاکستان کے عوام کی حالت بہتر کرنے اور ملک کی ترقی کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی اپنی پیش قدمی اور سفر جاری رکھے گی۔

جناب چیئرمین! پاکستان پیپلز پارٹی کا یہ عزم جو ہے یہ انشاء اللہ پاکستان میں آئندہ ایک مضبوط جمہوریت کے لیے بہت بڑی پیش قدمی ہو گی۔ پاکستان پیپلز پارٹی کبھی اپنی تاریخ کو مسخ نہیں کرنا چاہے گی۔ چیئرمین صاحب! یہاں پر ایسے راہنما ہیں، ہم ان کی بھی عزت کرتے ہیں جو لوگ سردیوں میں ریشمی رضائیوں میں سوتے تھے اور گرمیوں میں ائر کنڈیشن میں رہتے تھے اور جب اس ڈیموکریسی کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کے لوگ قید، کوڑے اور شاہی قلعے میں زندگی گزارتے رہے اور پارٹی کی قیادت نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ پاکستان میں ڈیموکریسی کے لیے اپنی جانوں کو قربان کر دیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی شہید بے نظیر بھٹو نے پاکستان میں political culture شروع کیا اس کا جائزہ کسی نے نہیں لیا کہ صدر مملکت نے یہاں پر شہید بے نظیر بھٹو کے سیاسی فلسفہ کی روشنی میں reconciliation کی politics کی۔ انہوں نے تمام صوبوں، تمام سیاسی پارٹیوں، تمام پریشر گروپس سب کو ساتھ لے کر چلنے کے لیے متعدد اقدامات کیے۔ ایک ایسا وقت تھا جب یوں لگتا تھا کہ جیسے پاکستان ایک اندھیرے میں گم ہو جائے گا۔ شہید محترمہ کی شہادت کے بعد شاید یہ قوم پھر اس طرح united نہ ہو سکے اور سیاسی پارٹیاں ایک دوسرے کے ساتھ نہ بیٹھ سکیں کیونکہ انہوں نے یہاں پر consensus کی politics شروع کی اور آج اس ہاؤس میں کوئی بھی ایسی سیاسی پارٹی یہاں پر نہیں بیٹھی ہوئی جس نے جناب آصف علی زرداری کے ساتھ پیپلز پارٹی کی coalitions گورنمنٹ نے پیپلز پارٹی کے اقتدار میں شرکت نہیں کی ہے۔ سب جماعتوں میں

پاکستان پیپلز پارٹی نے یہ محبتیں، یہ اقتدار، share کیا اور یہ ایک political culture جو پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ شروع کیا ہے اس پر جناب آصف علی زرداری کی تعریف کرنی چاہیے۔ اس پر کہ انہوں نے وہ شروع کیا اور پھر اس consensus کو قائم رکھا اور اس پر چل رہے ہیں۔ کل بھی ان کی تقریر پر ہاؤس میں دوسری جانب سے تنقید کی گئی ہے انہوں نے وہاں پر ایک ہی بات کہی کہ مفاہمت کی politics جاری رہے گی۔ یہ بہت بڑا پیغام ہے کہ ساتھ الیکشن اور مفاہمت کی ----

آگے--یو--٦---

Azhar/Sial ur1 t06-31jul2012

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: (جاری) یہ بہت بڑا پیغام ہے کہ الیکشن اور مفاہمت کی سیاست، پاکستان کے عوام الناس کو تصادم سے بچانے کے لیے، اداروں کو تصادم سے بچانے کے لیے، ملک کو متحد رکھنے کے لیے بہت اہم ہے۔ یہاں پر کئی اطراف سے تلخیاں آ رہی ہیں۔ اگرچہ یہ اپوزیشن کا ایک حق ہے۔ اگر اپوزیشن تنقید نہ کرے تو ان کے کردار کو friendly Opposition کہا جائے گا۔ یہ ان کے اپنے حق میں بہتر نہیں ہے۔ ان کو چاہیے کہ اس سے زیادہ تلخی سے ہمارے ساتھ بات کریں لیکن ساتھ consensus بھی کرتے جائیں۔ اٹھارھویں، انیسویں، بیسویں ترمیم اور اسی طرح آگے چلتے جائیں اور آئندہ بھی جب انتخابات ہوں، پاکستان پیپلز پارٹی ایسی ہی شکل میں، کوئی بھی گورنمنٹ بنے، اس کے ساتھ اسی طرح چلنا چاہے گی۔

مجھے یاد ہے کہ شہید محترمہ کے بعد جب جناب آصف علی زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت سنبھالی تو اس کے بعد میاں نواز شریف صاحب سیاست میں نہیں آنا چاہتے تھے۔ وہ الیکشن کا بائیکاٹ کر چکے تھے۔ اس وقت اس polarization کو کم کرتے ہوئے اس نئے سیاسی کلچر کی بنیاد پر جو آگے بڑھے، اس پر زرداری صاحب کی سب سے زیادہ محبتیں جو بطور observations میرے دیکھنے میں آئیں، وہ میاں نواز شریف کے ساتھ تھیں۔ اس کے بعد دوسری سیاسی پارٹیاں جب پارلیمنٹ میں آئیں تو ان کے ساتھ بھی محبتوں کا آغاز کیا۔ انتخابات سے پہلے ان کی قیادتوں سے ایک گفتگو کی تاکہ پاکستان میں ایک انتظامی اتحاد قائم ہو اور مختلف صوبوں یا عوام الناس کے درمیان ہونے والے تصادم کو روکا جائے۔ چنانچہ میاں صاحب کو دعوت دی گئی۔ ان سے درخواست کی گئی کہ آپ آئندہ انتخابات میں حصہ لیں۔ ہم ان کی پارٹی کے مشکور ہیں کہ صدر زرداری صاحب کی یہ درخواست میاں صاحب نے قبول کی اور اس طرح وہ انتخابات میں آئے۔ ہم اکٹھے آئے ہیں۔ ہم نے اکٹھی گورنمنٹ بھی بنائی ہے۔ ہم نے coalition government بنائی اور اس طرف

اس سے آگے بڑھے۔ مجھے وہ بات بھی یاد ہے کہ زرداری صاحب کو جب بھی میاں صاحب دعوت دیتے تھے تو زرداری صاحب بڑی خوشی سے ان کے گھر جاتے تھے۔ میں بھی کئی مرتبہ ان کے ساتھ تھا۔ ایک موقعے پر، ابھی پاکستان کے صدارتی انتخابات نہیں ہوئے تھے، جناب آصف زرداری صاحب نے میاں صاحب کو یہ دعوت دی کہ آئیں، آکر ملک کے صدر بن جائیں تا کہ اس نئے کلچر میں سب مل جل کر چلیں۔ میں یہاں یہ کہتا چلوں کہ پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلا بڑا تجربہ اور پہلی بڑی coalition بنی ہے جو جناب آصف علی زرداری صاحب نے بنائی ہے۔ اس سے پہلے اس طرح کا رواج پاکستان میں بہت کم دیکھنے میں آیا ہے۔ اس طرح انہوں نے ان کو کہا کہ آپ صدر بن جائیں۔ میاں صاحب نے اس پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ وہ صدر کو آئندہ اتنا طاقتور نہیں دیکھ رہے لہذا انہوں نے اس پیشکش کو قبول نہیں کیا۔ میں یہاں پیشکش کی بات نہیں کرنا چاہتا۔ میں جناب آصف علی زرداری صاحب کے ذہن کی عکاسی کر رہا ہوں کہ وہ پاکستان پیپلز پارٹی کی politics کی طرح ایک flexible شخصیت ہیں۔ وہ ضد کے مسافر نہیں ہیں۔ میاں رضا ربانی یہاں نہیں بیٹھے، میاں رضا ربانی نے ان سے کبھی نہیں پوچھا کہ آپ کی کون سی power واپس لینی ہے اور کون سی نہیں لینی یا وہ کوئی discussion کرتے۔ دوسروں کے ساتھ، پارٹیوں کے ساتھ بات چیت کرتے، کچھ check and balance کے ذریعے، صدر کی، جو ملک کے عوام کے نمائندے ہیں، طاقتیں قائم رکھی جاتیں، وہ ملک کی سب سے بڑی پارٹی کے شریک چیئرمین ہیں، تو اپوزیشن نے جو کہا، صدر صاحب اپنے تمام اختیارات پارلیمنٹ کو سونپ دیے۔ اس سے زیادہ کسی ملک کی مثال بتائیں جس میں کسی democratically elected President نے اپنے اختیارات پارلیمنٹ کو واپس دے دیے ہوں۔ یہ بہت بڑے اقدامات کیے گئے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میں نے بھی اپنا ٹائم ان کو دے دیا۔

جناب چیئرمین: چلیں.let him conclude now

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: یہ سمجھتے ہیں کہ میں نے زیادہ ٹائم لے لیا ہے۔ میں wind up کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شہرداری کا تو خیال رکھا جاتا ہے۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: میں نے تو زیادہ باتیں کی نہیں۔ میں تو یہ بھی کہنا چاہ رہا تھا۔ یہاں پر صدر کے عہدے اور پارٹی لیڈرشپ کے بارے میں کہا گیا۔ دنیا کی متعدد جمہوریتوں میں پارٹی لیڈر جب حکومتی عہدوں پر جاتے ہیں تو ان کے عہدے ان کے ساتھ

چلتے رہتے ہیں۔ کئی ملکوں میں ابھی بھی ایسا ہے لیکن یہاں پر یہ ہوا کہ جب ۱۹۸۵ء کے انتخابات ہوئے، جنرل ضیاء اس وقت یہاں پر حکمران تھا۔ اس وقت غیر جماعتی الیکشن ہوئے تھے۔ پھر جونیجو صاحب نے پارلیمنٹ میں آکر اپنی ایک مسلم لیگ قائم کر لی۔ مسلم لیگیں بھی ماشاء اللہ قائداعظم کے وقت سے تقسیم ہوتی چلی آئی ہیں۔ پہلی دفعہ اس وقت ۱۹۲۶ میں تقسیم ہوئی تھی۔

سینیٹر راجہ محمد ظفر الحق: آپ نے تو کہا تھا کہ میں کوئی contradictory بات نہیں کروں گا۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: میں تو history کی بات کر رہا ہوں۔ پیپلز پارٹی بھی کئی دفعہ تقسیم ہوئی ہے۔ اس میں سے کئی پیپلز پارٹیاں بنی ہیں۔ جتوئی نے بنائی، کھر نے بنائی، یہاں پر شیرپاؤ کی بھی ہے۔ اس طرح مولانا کوثر نیازی نے بنائی۔ حنیف رامے نے بنائی۔ تاج لنگاہ نے ایک بنالی۔ یہ تو یہاں پر کوئی ایسی برائی نہیں ہے۔ سبق حاصل کرنے کے لیے تاریخ بیان کی جاتی ہے۔ جب جناب جونیجو نے یہ بنائی تو تیس دسمبر ۱۹۸۵ this is from the history جنرل ضیاء نے مارشل لاء اٹھا لیا اور خود وردی پہنے رکھی اور صدر بھی بن گیا۔ لوگوں نے یہ قبول بھی کیا۔ لوگ وزیر بھی بنے۔ میں کسی کا نام نہیں لینا چاہتا۔ میں کسی پر الزام نہیں لگانا چاہتا۔ میں صرف بتانا چاہتا ہوں کہ ہمارے پاس جو تیر گی ہے، یہ لوگوں کے حسن میں رہی ہے۔ میں یہ بات بتانا چاہتا ہوں۔ اس لیے جب ہم یہاں پر بات چیت کرنے کے لیے تیار ہیں، جب ہمارا رویہ لچکدار ہے تو بیٹھ کر ہمیں کہیں کہ اگر یہ سارے اختیارات چھوڑے جا سکتے ہیں تو کئی چیزوں پر ملک کی سیاست کے لیے گفتگو بھی کی جا سکتی ہے لیکن اگر کوئی کہے کہ جو میں کہتا ہوں، وہ مانا جائے تو کیا پھر یہ سیاست ہے۔ سیاست، یہ thoughts اور خواہشات کا عمل نہیں ہے۔ سیاست میں یہاں پر ایک consensus discussion جب چاہیں ہو سکتی ہے۔ میرے دوست، میرے بھائی Leader of the Opposition نہیں چاہتے کہ میں زیادہ دل جلانے والی باتیں کروں جو لوگوں کی تاریخ سے تعلق رکھتی ہوں۔ یہ صرف ریکارڈ کے لیے بیان کر رہا ہوں۔ میرے بھائی ظفر علی شاہ نے کہا کہ صدر صاحب نے خارجہ پالیسی اور اکنامکس پر بات ہی نہیں کی۔ خارجہ پالیسی پر تو یہاں پر پوری ایک debate ہوئی ہے۔ خارجہ پالیسی یہیں بنی ہے۔ جناب چیئرمین! This is for the first time in the history of Pakistan کہ پارلیمنٹ نے کبھی یہ خارجہ پالیسی بنائی ہو۔ صدر صاحب کی تقریر کے صفحہ آٹھ اور نو پر دیکھیں۔ گیارہ points ہیں which relate to the economy of Pakistan ہو سکتا ہے کہ ہم توقعات کے مطابق رزلٹ نہ دے سکے ہوں but politics is a pragmatic science اس میں جو چیزیں آپ کے پاس ہوں گی، آپ ان کو ہی deliver کر سکتے ہیں اور pattern arrange کر سکتے ہیں۔ تب بھی پاکستان پیپلز پارٹی نے یہاں پر law and order

situation اور political unity کا چیلنج قبول کیا۔ جب ۲۰۰۸ء میں انتخابات ہو رہے تھے تو وہاں دوران انتخابات میری observation ہے کہ آٹا نہیں ملتا تھا۔ ایک تو ہوتا ہے کہ پیسوں سے مل جائے، مارکیٹ میں تھا ہی نہیں - نہ بجلی، نہ گیس، نہ آٹا۔ اب بھی صورت حال کو، جس حد تک ہے، قابو کیا گیا ہے۔ بجلی میں بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ آٹا بھی وافر ہے۔ ٹھیک ہے، مہنگائی international inflation کی وجہ سے ہے۔ اس پر کنٹرول کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ (جاری)

T07-31JUL12 ZAFAR/Ed.Rauf UR6 1210 PM

جہانگیر بدر۔۔۔اس کو control کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ اسحاق ڈار صاحب کی جو تجاویز ہیں، ان پر بھی غور کیا جائے گا، ان سے interact بھی کیا جائے گا، Standing Committee بھی موجود ہے۔ جناب چیئرمین! اس طرح ہم چاہیں گے کہ صدر صاحب نے یہاں پر جو consensus کی بات کی ہے، عوام الناس کی unity پاکستان کی sovereignty اور خود مختاری کے سلسلے میں جو اقدامات لیے ہیں اور جن کی ضرورت ہے، اس پر تاریخ کا یہ سفر جاری رہے گا۔ I assure this House, I assure you Mr. Chairman that Pakistan Peoples Party عوام الناس کو مایوس نہیں کرے گی۔ Pakistan Peoples Party نے نامساعد حالات کے باوجود جس طرح سے terrorism پر قابو پایا، سوات کے IDPs کو بحال کیا، اس طرح Pakistan Peoples Party ایک چومکھی جنگ میں بڑا role ادا کرتی چلی آ رہی ہے۔ اپنی قیادتوں کی پیروی کرتے ہوئے Pakistan Peoples Party پاکستان میں عوام کی آخری فتح تک کسی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ انشاء اللہ عوام الناس اور دوسری سیاسی پارٹیوں کے ساتھ بھی باہمی مشاورت کا عمل جاری رہے گا اور آئندہ شفاف election کے لیے مل جل کر کام کرنے کی کوشش کریں گے۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

جناب چیئرمین: جہانگیر بدر صاحب۔

Senator Muhammad Jehangir Bader: Mr. Chairman, I beg to move that under rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012,

the requirements of the rules 25, 26, 29, 30 and 133 of the said rules be dispensed with in order to move the motion.

Mr. Chairman: It has been moved that under rule 263 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate 2012, the requirements of the rules 25, 26, 29, 30 and 133 of the said rules be dispensed with in order to move the motion.

(The motion was carried)

Senator Muhammad Jehangir Bader: Mr. Chairman, the House may discuss the prevailing law and order situation in Balochistan province.

Mr. Chairman: Leader of the House has moved this motion to take up the prevailing law and order situation in Balochistan.

اس پر جو ممبران بات کرنا چاہتے ہیں they can give their names and it was decided earlier that there will be 10 minutes for the members and 15 minutes for the Parliamentary Leaders. اسحاق ڈار صاحب۔

سینیٹر محمد اسحاق ڈار (قائد حزب اختلاف): جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔ میں صرف record کی درستگی کے لیے کچھ چیزیں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ آپ کو یاد ہوگا جو طے ہوا تھا، یہ proceedings میں بھی موجود ہے کہ ہم دو دن منگل، بدھ کو صدارتی خطاب پر اور جمعرات، جمعہ بلوچستان پر بحث کریں گے۔ آج ایسا ماحول تھا اور شاید speakers بھی interested نہیں تھے اور مجھے سیکریٹری صاحب نے پیغام دیا تھا کہ ہم اس کو آج ہی wind up کر رہے ہیں۔ جب حمزہ صاحب تقریر کر رہے تھے، میرا خیال ہے کہ بڑی planned conspiracy تھی کہ کچھ MNA حضرات وہاں لابی سے مجھے بلا رہے تھے، میں نے State Bank کی book "Economy" منگوائی اور میں Economy, Law and Order, Security issues and NATO پر صدر صاحب کو quote کر کے کچھ چیزیں عرض کرنا چاہتا تھا۔ میرے پاس یہ notes ہیں اور میں record پر latest position and facts رکھنا چاہتا تھا۔ It might have taken 45 minutes or one hour جو میرا right ہے۔ وہ مجھے وہاں سے اشارے کر رہے تھے، کلثوم بی بی

میرے پاس آئیں، یہ بھی اس میں شامل ہیں، انہوں کہا کہ وہ آپ کو اشارے کر رہے ہیں اور آپ جا نہیں رہے۔ میں نے دیکھا ہی نہیں تھا، میں چلا گیا۔ میں ان کی بات سن کر جونہی واپس آیا تو بدر صاحب نے floor لے لیا تھا اور میرے لیے بڑا embarrassing تھا۔ میں نے سیکریٹری صاحب کو کہا کہ میں کیا کروں۔ میں صرف یہ record پر رکھنا چاہتا ہوں، I will avail some opportunity to just update the House, the both sides...

جناب چیئرمین: ڈار صاحب، کبھی کبھی بندہ boundary پر بھی catch out ہو جاتا ہے۔ Probably the same thing happed with you.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میں boundary پر catch نہیں ہوا، مجھے گگلی کرائی گئی ہے۔ پوری طرح سے plan کر کے ادھر سے MNAs کو بھجوا دیا، وہاں ہمارے former Law Minister *Sahib* بھی آ گئے۔ جب میں یہاں اندر آیا تو Bader *Sahib* had taken the floor.

جناب چیئرمین: ڈار صاحب، بات یہ ہے کہ this is law and order situation, if you want to give certain references, you may give it.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: میں صرف record پر رکھنا چاہتا ہوں کہ I intended to speak, I wanted to just bring the factual position as of today comparing March. اب میرے پاس ایک چھوٹا سا point of order ہے۔ جناب! برما میں ہمارے مسلمان بہن، بھائی اور بچوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ اس وقت ہماری وزارت خارجہ foreign policy کے حوالے سے کیا اقدامات کر رہی ہے۔ ایک مسلمان ملک ہونے کی حیثیت سے ہماری ذمہ داری ہے اور ہم ہمیشہ ایسے مواقع پر اپنا کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ اس وقت OIC کیا کر رہی ہے؟ میری ساتھیوں سے بات ہوئی ہے، اس کے دو طریقے ہیں کہ Opposition اپنی resolution لائے یا ایک consensus resolution ہونی چاہیے۔ اگر وزارت خارجہ کل اپنا ایک brief بھیج دے، ان کا کوئی وزیر آجائے یا Leader of the House ہمیں بتا دیں کہ پاکستان اس issue پر یہ اقدامات کر رہا ہے۔ جیسے ماضی میں ہوتا ہے کہ Foreign Affairs سے ایک draft resolution آجائے اور ہم اس کو amend کر کے consensus سے پیش کر دیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارا فرض ہے۔ وہاں مسلمانوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ عمل نفرت کے قابل ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان ہونے کے

حوالے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ کم از کم ہم اپنی آواز اٹھائیں اور OIC Ministry of Foreign Affairs تک پہنچے، ان کو کہے کہ آپ action لیں۔ ہم United Nations سے بھی demand کریں۔ آپ اجازت دیں تا کہ یہ کل تک Foreign Affairs سے رابطہ کر سکیں اور ہمیں پتا چل جائے کہ وہ کیا کر رہے ہیں اور ساتھ ہی ان کی طرف سے ایک draft آجائے جس کو ہم خود amend کریں گے یا ہم بنا کر دے دیں، جیسے آپ فیصلہ کریں۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Thank you Dar *Sahib*, it is an important issue.

(Interruption)

جناب چیئرمین: آپ اس پر ضرور بات کر لیں لیکن ابھی resolution کی بات ہو رہی تھی۔ مولانا غفور حیدری صاحب۔

سینیٹر عبدالغفور حیدری: جناب چیئرمین! ایک عرصے سے برما میں مسلمانوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔ بد قسمتی سے مسلم ممالک نے بھی کوئی احتجاج نہیں کیا اور اس ظلم و جبر کو روکنے کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ اقوام متحدہ بہت چھوٹے چھوٹے مسائل اور معاملات میں حرکت میں آجاتی ہے اور اقدامات کرتی ہے۔ میرے خیال میں مسلمانوں پر ظلم و جبر کے حوالے سے وہ اندھی ہو گئی ہے اور انہوں نے اس حوالے سے کوئی اقدام نہیں اٹھایا اور نہ اس ظلم کو روکنے کے لیے کچھ کیا ہے۔ ایسے معاملات میں مسلمان ہمیشہ پاکستان سے توقع رکھتے ہیں کہ پاکستان ایک بڑا اسلامی ملک ہے اور جہاں بھی مسلمانوں کے ساتھ زیادتی ہو، پاکستان اس حوالے سے آگے بڑھ کر قدم اٹھاتا ہے لیکن اب یہاں بھی بالکل خاموشی ہے۔ برما میں مسلمانوں کی نسل کشی ہو رہی ہے۔ مرد و زن، بوڑھے، بچے سب کا قتل عام ہو رہا ہے اور اس ظلم، زیادتی کو روکنے کے لیے کہیں سے بھی کوئی اقدام نہیں کیا جا رہا۔ جناب چیئرمین! جیسے قائد حزب اختلاف نے فرمایا کہ ہمیں مل کر ایک زوردار مذمتی قرارداد pass کرنی چاہیے----جاری----

T08-31JUL2012---ASHFAQ/ED.ZAFAR---UR5---12.20PM

جاری----------- سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری---

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں جیسے قائد حزب اختلاف نے بھی فرمایا کہ ہم سب کو مل کر پر زور مذمتی قرارداد پیش کرنی چاہیے، ہمیں کم از کم برما کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا چاہیے۔ میری یہی چند گزارشات تھیں، میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں فوری طور پر قرارداد مذمت pass کرنی چاہیے اور اپنے مسلمان بھائیوں سے اظہار یکجہتی کرنا چاہیے۔

جناب چیئرمین: شاہی سید صاحب! آپ اسی issue پر بات کرنا چاہتے ہیں یا آپ کا کوئی different issue ہے۔

سینیٹر شاہی سید: میں اسی پر بات کروں گا، ظاہر ہے، وہ مسلمان ہیں اور ان کے ساتھ ظلم ہو رہا ہے۔ ہمارے ملک میں روزانہ کراچی میں قتل وغارت ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: شاہی سید صاحب! مجھے اس پر کچھ عرض کرنے دیں۔ بدر صاحب! اسحق ڈار صاحب کی طرف سے جو suggestion آئی ہے کہ there should be a consensus resolution from this House آپ اس پر Foreign Office سے coordinate کر لیں اور you and Dar sahib can have a consultation and that can be brought tomorrow also, just it is suggested. جی شاہی سید صاحب! آپ برما issue پر بات کرنا چاہتے ہیں یا apart from that ہے۔

سینیٹر شاہی سید: نہیں، دوسرا issue ہے۔

جناب چیئرمین: جی کلثوم پروین صاحبہ۔

سینیٹر کلثوم پروین: شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب! میں دو باتوں کی وضاحت کروں گی۔ ہم ڈار صاحب کی دل سے عزت کرتے ہیں، یہ دوسری بات چھپا گئے ہیں جو میں نے ان سے کہی تھی، میں اصل میں ان کو افطار کی دعوت دینے گئی تھی اور میں نے دیکھا کہ ان کے colleague ان کو مسلسل اشارہ کر رہے ہیں، میں نے ان کو بتایا کہ آپ کو لوگ باہر سے اشارہ کر رہے ہیں، انہیں اشارہ کرنے میں میرا قصور نہیں ہے، میں تو اشارہ نہیں کر رہی تھی، اب اشارے کرنے والوں کو یہ منع کریں۔

دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے جہاں تک برما کے مسلمانوں کے قتل عام کی بات کی ہے، یہ مسلمانوں کے لیے لمحہ فکر بھی ہے اور بڑی افسوس ناک بات بھی ہے جس طرح بے گناہ مسلمانوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس میں ہمارا بھی بہت بڑا fault ہے کیونکہ media راجیش کھنہ کے لیے دن بھر روتا رہا لیکن جہاں پر مسلمان قتل ہو رہے ہیں، مسلمانوں کا قتل عام ہو رہا ہے، اس کی بات نہیں ہوئی۔ انہوں نے بالکل صحیح بات کی ہے، میں ڈار صاحب کی resolution کی حمایت کرتی ہوں کہ Foreign Affairs کو بلایا جائے اور یہاں پر اس بات کی وضاحت مانگی جائے۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب حاصل خان بزنجو صاحب۔

سینیٹر میر حاصل خان بزنجو: جناب! میرا point of order اس بات پر ہے کہ آج آپ کے order of the day پر بلوچستان پر discussion نہیں تھی، اب آپ نے open کی ہے، میری آپ سے ایک گزارش ہو گی، آپ اس کو دو دن کے لیے جاری رکھیں تا کہ اس پر تمام لوگ بول سکیں۔ خاص طور پر بلوچستان کے لوگوں نے اسحٰق ڈار سے request کی ہے اور آپ سے بھی request کی ہے کہ اس discussion کو دو دن یعنی کل اور پرسوں تک continue کریں۔ آپ اس پر discussion شروع کروائیں تو میں اس پر بات کروں گا۔

جناب چیئرمین: اب آپ اس discussion کا آغاز کرنا چاہتے ہیں؟

Senator Mir Hasil Khan Bazenjo: Sir, this is the right of the Leader of the Opposition.

Mr. Chairman: Dar *sahib*, we can have the points of order.

سینیٹر محمد اسحاق ڈار: جناب! میری گزارش ہے کہ میں حاصل بزنجو صاحب کی proposal کو support کرتا ہوں۔ بلوچستان پر وہاں کے دونوں sides کے speakers کو preference دیں کیونکہ ان کے پاس ground realities and facts بھی ہیں۔ ہمیں یہاں پر جو remote briefings دی جاتی ہیں، وہ تھوڑی سی biased بھی ہوتی ہیں، میرا خیال ہے کہ اس میں government کی seriousness بھی نہیں ہوتی تو آپ بلوچستان کے ارکان کو preference دیں۔ ہم نے Presidential Address سے ایک دن بچا لیا ہے لیکن ہم بلوچستان کے issue کو short کرنے کی کوشش نہ کریں، اگر آج points of order کے بعد time اجازت دیتا ہے تو آج discussion شروع کر لیں ورنہ آپ ازراہ مہربانی کل اور پرسوں دونوں دن اس بلوچستان کے issue کو دے دیں۔

جناب چیئرمین: آپ کا شکریہ۔ جی سعید غنی صاحب۔

سینیٹر سعید غنی: جناب! ظفر علی شاہ صاحب نے اس دن جہانگیر بدر صاحب کے notification کے حوالے سے ایک issue raise کیا تھا، میں آپ کے توسط سے رہنمائی چاہوں گا، وہ اس پر ہماری مدد کر دیں کہ آئین کے Article-178 میں لکھا ہے کہ Chief Justice of Pkistan اپنے Office میں جانے سے پہلے ایک oath لیں گے اور Third Schedule میں وہ oath بھی موجود ہے، میں اس oath کو پورا نہیں پڑھوں گا لیکن اس میں ایک چیز ہے، "that I will abide by the code of conduct issued by the Supreme Judicial Council" code of conduct کا Article-4 ہے، وہ کہتا ہے کہ "a judge must decline resolutely to act in a case involving his own interest including those persons whom he regards and treats as near relatives or close friends" اس میں اور بھی چیزیں ہیں لیکن میں ان میں نہیں جاؤں گا۔ ہمارے Chief Justice صاحب نے ارسلان افتخار case کا suo moto notice لیا، میرا خیال ہے کہ وہ ان کا قریبی عزیز ہے بلکہ ان کا اکلوتا بہت ہی پیارا اور چہیتا بیٹا ہے، وہ اس case میں نہ صرف bench میں بیٹھے بلکہ Attorney General صاحب نے پہلی مرتبہ اعتراض کیا تو انہوں نے وہ اعتراض بھی نہیں مانا لیکن انہوں نے بعد میں دوسری اور تیسری hearing میں bench سے اپنے آپ کو الگ کیا۔ میرا question یہ ہے کہ انہوں نے اس bench میں بیٹھ کر اپنے oath کو violate کر دیا ہے۔ آئینی اور قانونی طور پر اس پر کیا action ہونا چاہیے، میری گزارش ہو گی کہ اس معاملے میں ہماری رہنمائی کر دیں۔

Mr. Chairman: Thank you, I don't think so, that Zafar Ali Shah represents the Chief Justice of Pakistan over here. That is a different issue. Certainly you can't have a ruling on the points of order. There can't be ruling on the point of order. Yes, Zahid Khan sahib.

سینیٹر محمد زاہد خان: جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ، میں اسی پر بات کرنا چاہتا ہوں آپ نے کہا ہے کہ دونوں sides سے مل کر resolution بنائی جائے، یہ بہت اچھی بات ہے اور ہم اس قتل عام کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ برما میں مسلمانوں کا جو قتل عام ہو رہا ہے، وہ کسی صورت میں نہیں ہونا چاہیے اور سب اسلامی ممالک کو action لینا چاہیے، ہمارے وزیر خارجہ صاحب کو بھی action لینا ہے اور حکومت کو بھی action لینا چاہیے۔ ہم اس کے ساتھ، ساتھ کیوں بھول جاتے ہیں کہ ہمارے ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے، ہم اس کو کیوں

نہیں دیکھتے، باجوڑ کے بازار میں بم دھماکے ہوتے ہیں، ان میں ہمارے لوگ شہید ہوتے ہیں، یہاں پر اعلان ہوتا ہے کہ تحریک طالبان پاکستان نے دھماکا کیا ہے۔ لاہور میں ہمارے جوانوں کو مارا جاتا ہے پھر کہا جاتا ہے کہ تحریک طالبان پاکستان نے مارا ہے، بلوچستان کی صورت حال دیکھیں کہ روز لوگ شہید ہورہے ہیں، کراچی کی صورت حال دیکھیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس قرارداد میں یہ بھی شامل کر دیں جو ہمارے اپنے ملک میں ہورہا ہے، برما کے لیے قرارداد مذمت لانی ہے تو اپنے ملک کے لیے بھی لائیں۔ ان قوتوں کی مذمت کریں، ملک میں جو صورت حال ہے، ہمارا ملک تباہی کی طرف جا رہا ہے، اگر ہمارا ملک رہے گا تو ہم کسی اور کی help کر سکیں گے، کسی اور کے لیے بات کر سکیں گے، اگر ہماری اپنی حیثیت نہیں رہے گی، ہماری اپنی قوت نہیں رہے گی تو پھر ہم کسی کے لیے کیا بات کر سکیں گے۔ جناب! میری یہ تجویز ہے کہ اگر آپ نے resolution لانی ہے تو ہمارے ملک میں جو کچھ ہورہا ہے، کرم ایجنسی میں ہمارے جوانوں پر attack ہوتا ہے اور جوان شہید ہوتے ہیں، کسی کو ان کا درد نہیں ہے، ان کا کسی کو احساس نہیں ہے کہ ہمارے جوان کیوں مر رہے ہیں۔ کیا کوئی باہر سے آرہا ہے یا ہمارے اندر سے ہی لوگ یہ کام کر رہے ہیں؟ جناب! اس کو بھی اس میں شامل کرنا چاہیے، میری صرف یہی استدعا ہے کہ اگر آپ resolution لا رہے ہیں تو اپنے ملک میں جو کچھ ہورہا ہے، اس کی بھی مذمت کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: زاہد خان صاحب! آپ کا شکریہ۔ یہ consultation can be between Parliamentary Leaders, یہاں پر Leader of the House and Leader of the Opposition موجود ہیں، آپ اس resolution پر ان سے consultation کر لیں، it is your own discretion کہ آپ کیا resolution لانا چاہتے ہیں، آپ ان سے consultation کر لیں۔ جناب طاہر حسین مشہدی صاحب۔

سینیٹر کرنل (ریٹائرڈ) سید طاہر حسین مشہدی: جناب چیئرمین: آپ کا بہت شکریہ۔ جناب! میرا ایک چھوٹا سا point ہے۔ then I will support the resolution. میرا چھوٹا سا point یہ ہے کہ the wording is not correct of the Balochistan issue, it is not the law and order situation in Balochistan which is to be discussed. There are multiple problems being faced by the people of Balochistan. Actually what we wanted and what was the purpose of the debate, it was on the political, social and the economic condition in Balochistan. the injustice is being perpetuated on the people

of Balochistan, be they pukhtun or be they Baloch. There are lot of things which are to be discussed like foreign involvement, if any, in Balochistan, the law and order situation, the role being played by the law enforcing agencies whether legal or illegal, the judicial killings, if any, the forced disappearances which are so frequent. So, it is all encompassing discussion that this House wanted and the members requested. So, just by merely saying that the House will discuss the law and order situation in Balochistan is not correct according to my thinking. It should encompass the whole of the situation of Balochistan. I agree with the honourable Senator Hasil Bazenjo that an opportunity must be given and it should not be bulldozed in any way whatsoever. If there are two days for discussion, as decided in the Advisory Committee, then it should be for two days and an ample opportunity be given to us to prepare for a very important debate. The Balochistan issue is perhaps the most important national issue or internal issue facing the country today. We must be very serious about it and an ample opportunity be given.

Sir, Secondly I fully support the honourable Leader of the Opposition's resolution…..

Contd………………..T09

T09−31JUL2012 FURQAN[MUBASHIR] 12.30P.M. ER8

Senator Col.(R) Syed Tahir Hussain Mashhadi(Cont…..) Secondly sir, I fully support the honourable Leader of the Opposition's resolution. This massacre of Muslims in Burma by its Military. Burma is also called Myanmar. My party fully supports this initiative. We strongly condemn the genocide being committed against the Muslims in that area. It is against the United Nation resolution. It is against all norms of international behavior. It is against all norms of the fundamental human rights guaranteed by the UN Charter. It is a good proposal that the Ministry of Foreign Affairs be taken on board, brought into the loop

and once we get a draft or assistance of a draft from them, then all the parties can sit together and word it strongly.

I also suggest that His majesty, the King of Saudi Arabia has called a conference of the Muslim countries and our President Asif Ali Zardari *sahib* has been invited. He will be one of the main invitees in that conference. This matter be taken up and brought on the agenda of that conference also. Thank you very much.

